© rasailojaraid.com



ادارہ

# افکار و تاثرات بنام مدیر

مولانا عتیق الرحمن سنبھلی لندن۔

معتمد امیر جماعت اسلامی پاکستان

مولانا محمد حنیف جالندھری ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

(مولانا) محمد الیاس گھمن، سرپرست اعلیٰ مرکز اہل السنۃ والجماعۃ سرگودھا

(مولانا) ارشاد احمد، دارالعلوم عیدگاہ کبیر والا خانیوال۔ پروفیسر عبدالحکیم سیف، کوٹ رادھا کشن لاہور

افتخار الدین منصور لاہور۔ جناب محمد طیب طوفانی، لکی مروت۔۔ محمد اسعد مدنی نوشہرہ

۳ رجون ۲۰۱۲ء

بملاحظہ گرامی منزلت مولانا سمیع الحق صاحب حقانی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ! کل الحق کا خصوصی شمارہ "مشاہیر" ملا ہے۔ ٹائٹل پیج ہی ماشاء اللہ اتنا خوبصورت کہ نظر لگ جائے۔ جس نے بھی ڈیزائن کیا خوب کیا۔ مگر مجھے جس بنا پر اس ای میل کا تقاضہ ہوا وہ آپ کے لئے اس کے اندر کی مبارکبادیاں ہیں، کہ ان کے بعد آپ کو مبارکباد دینے کے لئے "مکتوبات مشاہیر" دیکھنے کی ضرورت نہیں رہی۔ یہی شہادتیں بہت کافی ہیں۔ پس مبارک ہو، بہت مبارک ہو! مدیر الحق میاں راشد الحق کو دعائیں۔

والسلام اخوکم عتیق الرحمن (لندن)

---

مکرمی جناب مولانا راشد الحق سمیع حقانی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔

امیر جماعت اسلامی پاکستان سید منور حسن صاحب کے دورہ جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے موقع پر موتمر المصنفین کی طرف سے شائع کردہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی کتاب "مشاہیر بنام مولانا سمیع الحق" اور مفتی غلام قادر نعمانی صاحب مدظلہم کی تصنیف کردہ کتب کا مجموعہ موصول ہوا۔ سید منور حسن صاحب نے جستہ جستہ ان کتب کو

© rasailojaraid.com